# روندو اور مُکّی

ہرمیندر اوہری



Read India
An Imprint of Pratham Books
GF Pratham
ERIES



Original Story (*English*) Sniffles the Crocodile and Punch the Butterfly
by Herminder Ohri
© Rajiv Gandhi Foundation-Pratham Books, 2004

First Urdu Edition: 2006

Illustrations: Herminder Ohri
Design: Moonis Ijlal
Urdu Translation: Zubaida Rahman

ISBN: 81-8263-164-5

Registered Office:
PRATHAM BOOKS
9, Charles Campbell Road, Cox Town,
Bangalore 560 005
✆ 080-25801462, 25801463

Regional Offices:
Mumbai ✆ 022-65162526
New Delhi ✆ 011-65684113

Typesetting and Layout by:
Pratham Books

Printed by:
Repro India Ltd., Mumbai



Some rights reserved. This book is CC-BY-3.0 licensed.
Full terms of use and attribution available at:
http://www.prathambooks.org/cc

# روندو اور مُکّی

مصنف اور تصویر

**ہرمیندر اوہری**



اردو ترجمہ

**زبیدہ رحمان**



بہت دور ایک گھنا جنگل تھا۔ اس جنگل میں ایک جھیل تھی۔ اس میں ایک مگر مچھ رہتا تھا۔ بات بات میں رونا اس کی عادت بن گئی تھی۔ موٹے موٹے آنسوں ہمیشہ اس کی آنکھوں سے ٹپکتے رہتے تھے۔ اسی وجہ سے اس کا نام ہی پڑ گیا تھا، روندو۔

روندو کے ماں باپ اس کے رونے دھونے سے تنگ آ گئے تھے۔ وہ اس سے کہتے "اب بس بھی کرو بیٹا۔ مگر مچھ ہو، مگر مچھ کی طرح رہو۔ جاؤ، جا کر شکار کر کے لاؤ۔"

شکار کے نام سے ہی روندو پھر پھوٹ پھوٹ کر رونے لگتا۔ ابھی تک اس کے ماں باپ ہی شکار کر کے اسے کھلاتے تھے۔






روندوا اپنے آپ کو بدصورت سمجھتا تھا۔ اور یہ سوچ کر اس کی آنکھوں میں پانی بھر آتا۔ وہ مگرمچھ کے بجائے ایک سیدھا سادھا، اچھا جانور بننا چاہتا تھا۔

روندو کی سب سے اچھی دوست تھی مُکّی۔

مُکّی ایک سنہری، پیلی تتلی تھی۔ وہ بڑی اور طاقتور بننا چاہتی تھی۔ وہ بات بات میں کہتی "ابھی ماروں گی ایک مکّا۔"

روندوا اور مُکّی کی جوڑی سچ مُچ مزے دار تھی۔ جب روندو جھیل میں تیرتا تو مُکّی اس کے سر پر بیٹھتی، سارے مگرمچھ انہیں دیکھ کر ان کا مزاق اڑاتے۔ لیکن روندوا اور مُکّی ان کی ذرا سی بھی پرواہ نہیں کرتے۔







ایک دن مُکّی روندو کے کان کے قریب آکر بولی ''میں نے بندوقیں لئے دو آدمیوں کو اِدھر آتے دیکھا ہے۔
شاید وہ شکار کر کے مگرمچھوں کی کھال حاصل کرنا چاہتے ہیں۔''

روندو غصّہ سے بولا ''کیا ان کے پاس خود کی کھال نہیں ہے؟''

مُکّی نے جواب دیا ''میں تو بس اتنا جانتی ہوں کہ سارے مگرمچھوں کو فوراً چھپ جانا چاہیئے۔''

''لیکن مُکّی تمہیں بھی تو گولی لگ سکتی ہے؟'' روندو بولا۔

مُکّی نے سمجھایا ''نہیں روندو میری دادی نے بتایا تھا کہ تتلیوں کو جال میں پھنسا کر پکڑا جاتا ہے۔'' اتنا کہہ کر وہ اڑ گئی۔





روندو کو ڈر کے مارے رونا آرہا تھا مگر اس نے اپنے آنسو کسی طرح روکتے ہوئے مگرمچھوں سے کہا ”بندوقیں لئے ہوئے شکاری آرہے ہیں۔ جلدی جلدی چھُپ جاؤ۔“

پہلے تو مگرمچھوں نے روندو کی بات کو ہنس کر اڑا دیا لیکن جب پیروں کی آہٹ آنے لگی تو وہ سب چوکنّے ہوگئے۔ سارے مگرمچھ گہرے پانی میں چلے گئے۔

جھیل میں پڑی لکڑی کو مگرمچھ سمجھ کر شکاری گولی برسانے لگے۔





اتنے میں سیکڑوں ہزاروں تتلیوں نے انہیں گھیر لیا اور انہیں پریشان کرنے لگیں۔


تتلیوں سے اپنے آپ کو بچاتے ہوئے شکاری کہنے لگے ”یہاں تو ایک بھی مگرمچھ نہیں ہے۔ بس تتلیاں ہی تتلیاں ہیں۔ اگلی بار جال لے کر آئیں گے۔“ یہ کہہ کر وہ چل دئے۔

سارے مگرمچھ ایک جگہ جمع ہوئے اور بولے۔

”شکریہ روندو“

”شکریہ مُلّی“





اگلے ہی دن روندو نے شکاریوں کو جال لے کر آتے ہوئے دیکھا۔ اسے مُنّی کی بات یاد آ گئی۔ اس نے فوراً مُنّی کو خبر کر دی، ''جال لے کر شکاری آ رہے ہیں تتلیوں کو پکڑنے۔''

سارے مگرمچھ جھیل کے کنارے پہنچ گئے۔ تتلیاں ان پر سوار ہو گئیں۔





جیسے ہی شکاری اپنا جال بچھانے لگے مگرمچھوں نے انہیں چاروں طرف سے گھیر لیا۔ اور سٹاک سٹاک اپنے جبڑے کھولنے اور بند کرنے لگے۔ غصّے سے آگ بگولہ روندو اپنے دانتوں کو پیستے ہوئے سب سے آگے آیا اور تیزی سے اپنی دُم پھٹکارنے لگا۔ یہ سب دیکھ کر شکاریوں کے ہوش اڑ گئے اور دُم دبا کر بھاگ گئے۔

سبھی مگرمچھ روندو سے بہت خوش ہوئے۔ روندو نے پہلی بار ایک مگرمچھ جیسی بہادری دکھائی تھی۔ اب روندو کو بھی اپنا مگرمچھ ہونا اچھا لگنے لگا تھا۔








ساری تتلیاں مگرمچھوں کے چاروں طرف اپنے رنگ برنگے پنکھوں کو پھڑپھڑا کر ناچنے اور گانے لگیں۔

''شکریہ روندومل۔''

''شکریہ مگرمچھوں۔''

روندومل شرماتے ہوئے بولا'' اس میں بھلا ایسی کونسی بڑی بات ہوئی۔ آخر دوست کس لئے ہوتے ہیں؟ ایک دوسرے کا خیال رکھنے کے لئے ہی نہ۔''



ایسے دوست کس کام کے جو ایک دوسرے کے کام نہ
آئیں، چاہے وہ "روندو مگرمچھ" اور "مُکّی تتلی"
جیسے دوست کیوں نہ ہوں۔ دو دوستوں کی
عقلمندی کی کہانی ہے – روندواور مُکّی"

اس زمرے کی دوسری کتابیں

چھٹکومکڑا • کشتی کی سیر • ایک بڑی مصیبت • ہماری خوبصورت دنیا

ہندوستان کی کئی زبانوں میں ہماری مزیدار کتابوں کی تفصیلات کے لئے
www.prathambooks.org لاگ آن کریں۔

'پرتھم بکس' منافع بخش اشاعتی ادارہ نہیں ہے۔ اس کا مقصد ہندستانی زبانوں میں بچوں
کے لئے سستے داموں میں عمدہ قسم کی کتابیں دستیاب کرانا ہے۔

ISBN 81-8263-164-5
9788182631649

Rondoo Aur Mukki (Urdu)
Rs. 20.00